نقد و نظر

درس ترمذی (جلد ثانی)

از : مولانا محمد تقی عثمانی

ترتیب و تحقیق : مولانا رشید اشرف سیفی

ناشر : مکتبہ دارالعلوم، کراچی ۱۴

کتابت، طباعت، کاغذ، جلد شاندار ــــ صفحات ۶۶۶ - قیمت ۶۵ روپے

جامع ترمذی حدیث کی مشہور کتاب ہے - زیرِ نظر جلد میں اس کی احادیث سے متعلق مولانا محمد تقی عثمانی کی درسی تقریریں جمع کی گئی ہیں - یہ کتاب ابواب الصلوٰۃ، ابواب الوتر، ابواب الجمعہ، ابواب العیدین، ابواب السفر، ابواب الزکوٰۃ، ابواب الصوم پر مشتمل ہے - ابواب متفرقہ میں صلوٰۃ استسقا، صلوٰۃ کسوف، صلوٰۃ خوف، سجودِ قرآن اور مدرک رکوع کی رکعت وغیرہ کا ذکر کیا گیا ہے -

کتاب میں مندرجہ بالا مسائل اور احکام کے بارے میں اگرچہ تمام ائمہ فقہ اور محدثین کا نقطۂ نگاہ بیان کیا گیا ہے لیکن ترجیح مسلک احناف کو دی گئی ہے اور اسی کو زیادہ واضح کیا گیا ہے - اس حیثیت سے بالخصوص حنفی فقہ سے تعلق رکھنے والے طلبا کے لیے یہ کتاب مفید ثابت ہوگی -

کتاب کے بعض مندرجات سے اختلاف بھی ہو سکتا ہے اور اتفاق بھی (اور کون اہلِ علم اور صاحبِ قلم ہے، جس کے تمام انکار کو حتمی اور قطعی سمجھا جاتا ہو) لیکن اس میں کوئی شبہ نہیں کہ کتاب کی ترتیب و تصنیف میں بہت محنت اور تحقیق سے کام لیا گیا ہے - اصحابِ علم کو اس کا مطالعہ کرنا چاہیے -